بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

محدث دہلی

جلد ۵ | ماہ مئی ۱۹۳۷ء مطابق صفر المظفر ۱۳۵۶ھ | نمبر ۱

مناسبات

محدث کا پانچواں سال

مئی ۱۹۳۳ء مطابق محرم الحرام ۱۳۵۲ھ سے یہ رسالہ زیر ادارت رفیق محترم مولانا عبد الحلیم رحمانی پیغمبر پوری دربھنگوی مرحوم جاری ہوا۔ اور تقریباً ڈھائی سال تک انھیں کے زیر سایہ اپنی پوری شان کے ساتھ اشاعت پذیر ہوتا رہا۔ لیکن ہماری بدقسمتی کہ ابھی ہم اس غنچۂ نوشگفتہ کی پوری بہاریں بھی نہ دیکھنے پائے تھے کہ قدرت نے اسے ہم سے چھین لیا۔ انا للہ الخ

مرحوم کی علالت جوں جوں طول پکڑتی گئی، ادارۂ محدث کی ذمہ داریاں میری طرف سرکتی گئیں۔ تا آنکہ ان کی رحلت اور دائمی مفارقت کے بعد اکتوبر ۱۹۳۵ء مطابق رجب ۱۳۵۴ھ سے مستقلاً یہ بارگراں میرے کمزور کندھوں پر لاد دیا گیا۔ ہر چند کہ میں اپنی علمی بے مائگی اور پہلے طرز تعلیم کی شبانہ روز، جانگداز محنتوں اور دماغی کاوشوں کے باعث، اس فریضہ کی انجام دہی میں اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں کو اچھی طرح محسوس کرتے ہوئے۔ اس کے قبول کرنے سے اعراض واجتناب کرتا رہا۔ لیکن گردوپیش کے حالات سے مجبور ہو کر بالآخر مجھے یہ پھندا اپنے گلے میں ڈالنا ہی پڑا۔

اس چار سال کی مدت میں محدث نے ملک وملت کی کیا کیا خدمتیں انجام دیں۔ اس کا صحیح جواب تو ناظرین ہی دے سکتے ہیں۔ لیکن ذاتی طور پر مجھے اس حقیقت کے اعتراف کرنے میں کوئی تامل نہیں کہ محدث ابھی اس بلند مقام